تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

November 06,2024

پریس ریلیز

شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹکنالوجی کے ریسرچ اینڈ اسپورٹ اچیورز کو مبارک باد دی

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی فیکلٹی آف انجینئرنگ (ایف ای ٹی) نے ریسرچ کے میدان میں فیکلٹی اراکین کی خدمات کے اعتراف کے لیے پہلی مرتبہ ایف ای ٹی۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ ایوارڈز دو ہزار چوبیس شروع کیا ہے۔ایوارڈ تین زمروں میں ہیں یعنی ایس سی آئی میں ریسرچ تصنیفات، پیٹنٹ یافتہ اور اسپانسرڈ ریسرچ پروجیکٹ۔ایوارڈ کی شروعات ڈین پروفیسر منی شا جی تھامس کی فکر کا نتیجہ ہے جس کا مقصد فیکلٹی کے عمدہ ترین محققین کی خدمات کو سراہنا ہے۔عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف نے سال دو ہزار چوبیس کا ایف ای ٹی ریسرچ ایوارڈ ریسرچ پبلی کیشن کے لیے کمپیوٹر انجینئرنگ کے ڈاکٹر مشیر احمد، اسپانسرڈ ریسرچ پروجیکٹ کے لیے سول انجینئرنگ کے ڈاکٹر عابد علی خان اور پیٹنٹ کے لیے الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن کے پروفیسر ساجد۔اے ۔لون اور الیکٹریکل انجینئرنگ کے پروفیسر منا خان ایوارڈ دیے ہیں۔

شیخ الجامعہ نے ایف ای ٹی کے سات فیکلٹی اراکین کو دنیا کے سرکردہ دو فی صد سائنس دانوں میں شامل ہونے کے لیے مبارک باد دی۔ستمبر سال دو ہزار چوبیس میں شائع ریسرچ کریڈینشیل کے لیے بھی مبارک باد دی گئی۔سرکردہ دو فی صد سائنس دانوں مذکورہ فہرست میٹا سینٹر اسٹینفورڈ امریکہ تیار کی تھی اور جسے ہر سال ایلسے ویئر شائع کرتی ہے۔جن فیکلٹی اراکین کو اس موقع پر مبارک دی گئی ان میں پروفیسر عابد حلی، ڈاکٹر محمد جاوید اور پروفیسر ارشد نور صدیقی، ڈاکٹر احتشام الحق، پروفیسر طارق الاسلام، ڈاکٹر مشیر احمد اور ڈاکٹر فہیم احمد شامل ہیں۔

شیخ الجامعہ نے فیکلٹی کے سامنے زمینی تحقیق، جدت اور ریسائکلنگ کی ضرورت کو اجاگر کیا جیسا کہ خود پائے دار ہندوستان کے دیہاتوں میں تجربہ ہو چکا تھا۔

ڈین، پروفیسر منی تھامس نے فیکلٹی کے امکانات میں بہتری کو اجاگر کیا اور شیخ الجامعہ سے مزید مستقل فیکلٹی اراکین اور اسٹاف کی بحالی کی درخواست کی۔ اس کے ساتھ ہی انھوں نے اس سال سے شروع ہونے والے نئے بی ٹیک اور ایم ٹیک پروگرام کے لیے اور جگہ بھی طلب کی ہے اور کیوں کہ ایف ای ٹی دو ہزار پچیس میں اپنی چالیسویں سالگرہ منا رہی ہے اس لیے فیکلٹی کے تئیں نظریہ بہتر ہو اس سلسلے میں کوششوں کی درخواست کی ہے۔

فیکلٹی کے اسپانسرڈ رسرچ کو آرڈینیشن کمیٹی کے کنوینز پروفیسر اکبر علی نے فیکلٹی کی ڈین پروفیسر منی تھامس کے فیکلٹی سطح پر شروع کردہ رسرچ ایوارڈ کے مثبت اثر کے سلسلے میں بات کی۔ انھوں نے ایف ای ٹی کے ڈین کا شکریہ ادا کیا اور ساتھیوں اور رفقائے کار کی خدمات کے اعتراف کے سلسلے میں ان کی کوششوں کو سراہا جس سے اشتراک اور اسپانسرڈ رسرچ کی فضا کو تحریک ملے گی۔

پروگرام میں کریسنشیا۔ اسپورٹس فیست دو ہزار چوبیس۔ پچیس کا اختتامی تقریب بھی ہوئی۔ فیکلٹی کی اسپورٹ کمیٹی کی کوآرڈی نیٹر پروفیسر شہناز محفوظ نے مہینہ بھر طویل اسپورٹس فیسٹ کی تفصیلات پیش کیں جس میں مختلف شعبہ جات کی چھ ٹیموں نے آوٹ ڈور اور ان ڈور جیسے کرکٹ، فٹ بال، والی بال، باسکیٹ بال، بیڈمنٹن (مرد و خواتین) ٹیبل ٹینس (مرد و خواتین) اور سو میٹر، دو سو میٹر (مرد عورت) مقابلوں میں حصہ لیا۔

تمام شعبوں کی ٹیموں کا انتخاب اسٹوڈینٹس اسپورٹس کونسل جس کے صدر محمد وسیم اس نے ٹسٹ کے آغاز سے پہلے ٹرائل کے ذریعہ کیا تھا۔ متعدد پروگراموں کے لیے اس سال تقریباً آٹھ سو طلبا نے رجسٹریشن کرایا تھا۔ مختلف مقابلوں کے فاتحین، رنر اپ ٹیم اور انفرادی ایتھلیٹ کو پروفیسر ایس تھامس، ڈین فیکلٹی آف انجینئرنگ اور مختلف شعبوں کے صدور نے ٹرافی اور میڈل دیے۔ اس سال شعبہ سول انجیئرنگ نے مجموعی اسپورٹس فیسٹ ونر ٹرافی جیتا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی